Prepp
Your Personal Exams Guide

इस पुस्तिका में **20** मुद्रित पृष्ठ हैं।
This Booklet contains **20** printed pages.

# CEF–26–II

**प्रश्न-पत्र—II / PAPER—II**

**उर्दू भाषा परिशिष्ट**

**URDU LANGUAGE SUPPLEMENT**

**भाग IV & V / PART IV & V**

| Language Code |
|---|
| **20** |

Main Test Booklet No.
मुख्य परीक्षा पुस्तिका संख्या

| Main Test Booklet Code / मुख्य परीक्षा पुस्तिका कोड |
|---|
| **Z** |

**इस परीक्षा पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए।**
**Do not open this Test Booklet until you are asked to do so.**

**इस परीक्षा पुस्तिका के पिछले आवरण (पृष्ठ संख्या 20) पर दिए गए निर्देशों को ध्यान से पढ़ें।**
**Read carefully the Instructions on the Back Cover (Page No. 20) of this Test Booklet.**

**उर्दू में निर्देशों के लिए इस पुस्तिका के पृष्ठ संख्या 2 व 19 देखें। / For Instructions in Urdu, see Page Nos. 2 and 19 of this Booklet.**

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. यह पुस्तिका मुख्य परीक्षा पुस्तिका की एक परिशिष्ट है, उन परीक्षार्थियों के लिए जो **या** तो भाग—IV (भाषा—I) **या** भाग—V (भाषा—II) उर्दू भाषा में देना चाहते हैं, लेकिन **दोनों नहीं**।
2. परीक्षार्थी भाग I एवं भाग II **या** III के उत्तर मुख्य परीक्षा पुस्तिका से दें और भाग IV व V के उत्तर उनके द्वारा चुनी भाषाओं से।
3. अंग्रेजी व हिन्दी भाषा पर प्रश्न मुख्य परीक्षा पुस्तिका में भाग—IV व भाग—V के अन्तर्गत दिए गए हैं। भाषा परिशिष्टों को आप अलग से माँग सकते हैं।
4. इस पृष्ठ पर विवरण अंकित करने एवं उत्तर-पत्र पर निशान लगाने के लिए **केवल नीले/काले बॉलपॉइंट पेन** का प्रयोग करें।
5. इस भाषा पुस्तिका का **संकेत Z** है। यह सुनिश्चित कर लें कि इस भाषा परिशिष्ट परीक्षा पुस्तिका का संकेत, उत्तर-पत्र के **पृष्ठ-2** एवं मुख्य परीक्षा पुस्तिका पर छपे संकेत से मिलता है। अगर यह भिन्न हो, तो परीक्षार्थी दूसरी भाषा परिशिष्ट परीक्षा पुस्तिका लेने के लिए निरीक्षक को तुरन्त अवगत कराएँ।
6. इस परीक्षा पुस्तिका में **दो** भाग IV और V हैं, जिनमें **60** वस्तुनिष्ठ प्रश्न हैं तथा प्रत्येक 1 अंक का है :

   भाग—IV : भाषा—I (उर्दू) (प्रश्न सं० 91–120)
   भाग—V : भाषा—II (उर्दू) (प्रश्न सं० 121–150)
7. भाग—IV में भाषा—I के लिए 30 प्रश्न और भाग—V में भाषा—II के लिए 30 प्रश्न दिए गए हैं। इस परीक्षा पुस्तिका में केवल उर्दू भाषा से सम्बन्धित प्रश्न दिए गए हैं। **यदि भाषा—I और/या भाषा—II में आपके द्वारा चुनी गई भाषा(एँ) उर्दू के अलावा है/हैं, तो कृपया उस भाषा वाली परीक्षा पुस्तिका माँग लें। जिन भाषाओं के प्रश्नों के उत्तर आप दे रहे हैं वह आवेदन-पत्र में चुनी गई भाषाओं से अवश्य मेल खानी चाहिए।**
8. **परीक्षार्थी भाग—V (भाषा—II) के लिए, भाषा सूची से ऐसी भाषा चुनें जो उनके द्वारा भाषा—I (भाग—IV) में चुनी गई भाषा से भिन्न हो।**
9. रफ़ कार्य परीक्षा पुस्तिका में इस प्रयोजन के लिए दी गई खाली जगह पर ही करें।
10. सभी उत्तर केवल OMR उत्तर-पत्र पर ही अंकित करें। अपने उत्तर ध्यानपूर्वक अंकित करें। उत्तर बदलने हेतु श्वेत रंजक का प्रयोग निषिद्ध है।

## INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

1. This Booklet is a supplement to the Main Test Booklet for those candidates who wish to answer **EITHER** Part—IV (Language—I) **OR** Part—V (Language—II) in **URDU** language, but **NOT BOTH**.
2. Candidates are required to answer Part I and Part II **OR** III from the Main Test Booklet and Parts IV and V from the languages chosen by them.
3. Questions on English and Hindi languages for Part—IV and Part—V have been given in the Main Test Booklet. Language Supplements can be asked for separately.
4. Use **Blue/Black Ballpoint Pen only** for writing particulars on this page/marking responses in the Answer Sheet.
5. The CODE for this Language Booklet is **Z**. Make sure that the CODE printed on **Side-2** of the Answer Sheet and on your Main Test Booklet is the same as that on this Language Supplement Test Booklet. In case of discrepancy, the candidate should immediately report the matter to the Invigilator for replacement of the Language Supplement Test Booklet.
6. This Test Booklet has **two** Parts, IV and V, consisting of **60** Objective-type Questions and each carrying 1 mark :

   Part—IV: Language—I (Urdu) (Q. Nos. 91–120)
   Part—V : Language—II (Urdu) (Q. Nos. 121–150)
7. Part—IV contains 30 questions for Language—I and Part—V contains 30 questions for Language—II. In this Test Booklet, only questions pertaining to Urdu Language have been given. **In case, the language(s) you have opted for as Language—I and/or Language—II is/are language(s) other than Urdu, please ask for a Test Booklet that contains questions on that language. The languages being answered must tally with the languages opted for in your Application Form.**
8. **Candidates are required to attempt questions in Part—V (Language—II) in a language other than the one chosen as Language—I (Part—IV) from the list of languages.**
9. Rough work should be done only in the space provided in the Test Booklet for the same.
10. The answers are to be recorded on the OMR Answer Sheet only. Mark your responses carefully. No whitener is allowed for changing answers.

परीक्षार्थी का नाम (बड़े अक्षरों में) :
Name of the Candidate (in Capitals) : ____________

अनुक्रमांक (अंकों में)/Roll Number (in figures) : ____________

(शब्दों में)/(in words) : ____________

परीक्षा-केन्द्र (बड़े अक्षरों में) :
Centre of Examination (in Capitals) : ____________

परीक्षार्थी के हस्ताक्षर :
Candidate's Signature : ____________

निरीक्षक के हस्ताक्षर :
Invigilator's Signature : ____________

Facsimile Signature Stamp of Centre Superintendent ____________

Prepp
Your Personal Exams Guide

اس کتابچے میں **20** صفحات ہیں۔

**CEF-26-II**

امتحانی سوالنامہ کوڈ

**Z**

**LANG. CODE**
**20**

**پرچہ—II**

**ضمیمہ اردو زبان**

**حصہ IV اور V**

اس سوالنامے کو اُس وقت تک نہ کھولیں جب تک کہا نہ جائے۔

اس سوالنامے کی پشت (صفحہ نمبر 19 اور 20) پر دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں۔

**امیدواروں کے لیے ہدایات :**

1- یہ کتابچہ اُن امیدواروں کے لیے بنیادی سوالنامے کا ضمیمہ ہے جو یا تو حصہ—IV (زبان—I) یا حصہ—V (زبان—II ) کا جواب اردو زبان میں دینا چاہتے ہیں ، لیکن دونوں میں نہیں۔

2- امیدوار حصہ I ، II اور III کے جواب بنیادی سوالنامے سے دیں اور حصہ IV اور V کے جوابات اُن زبانوں میں لکھنے ہوں گے جن کا انھوں نے انتخاب کیا ہے۔

3- ہندی اور انگریزی زبانوں کے سوالات بنیادی سوالنامے میں حصہ IV اور V کے تحت دیے گئے ہیں۔ زبان کے ضمیے کو الگ سے مانگا جا سکتا ہے۔

4- اس صفحے پر تفصیلات لکھنے اور جوابی شیٹ پر نشان لگانے کے لیے **صرف کالے / نیلے بال پوائنٹ پین** کا ہی استعمال کریں۔

5- اس سوالنامے کا کوڈ **Z** ہے۔ اس بات کی تصدیق کر لیجیے کہ جوابی شیٹ کے **صفحہ-2** پر دیا گیا کوڈ اور بنیادی سوالنامے پر دیا گیا کوڈ اس ضمیے پر دیے گئے کوڈ کے جیسا ہی ہونا چاہیئے۔ اگر اُس میں کہیں کوئی فرق ہو تو امیدوار فوراً اپنے نگراں کو اس کی اطلاع دے کر اُن سے زبان کے سوالنامے پر دوسرا ضمیمہ طلب کر سکتے ہیں۔

6- اس سوالنامے کے دو حصے IV اور V ہیں جو **60** معروضی سوالات پر مشتمل ہیں اور ہر سوال 1 نمبر کا ہے۔

حصہ—IV : زبان—I (اردو) (سوال نمبر **91** تا **120**)

حصہ—V : زبان—II (اردو) (سوال نمبر **121** تا **150**)

7- حصہ—IV میں زبان—I کے 30 سوال اور حصہ—V میں زبان—II کے 30 سوال ہیں۔ اس سوالنامے میں صرف اردو کے سوالات ہیں۔ اگر آپ نے زبان—I اور / یا زبان—II کے لیے اردو کے سوا کسی دوسری زبان کا انتخاب کیا ہے تو آپ اپنے انتخاب کردہ زبان کا سوالنامہ طلب کیجیے۔ آپ کے جواب اسی زبان میں ہونے چاہئیں جسے آپ نے اپنی درخواست میں انتخاب کیا ہے۔

8- امیدواروں نے حصہ—IV (زبان—I) کی حیثیت سے جس زبان کا انتخاب کیا ہے ، حصہ—V (زبان—II) کے جواب انھیں اس کے علاوہ زبانوں کی فہرست میں سے کسی ایک میں دینے ہوں گے۔

9- امیدوار کو کچّا کام امتحان کے سوالنامے میں دی گئی خالی جگہ میں ہی کرنا ہوگا۔

10- جوابات کا اندراج صرف OMR جوابی شیٹ پر ہی کرنا ہوگا۔ جوابی نشانات احتیاط سے لگائیں۔ سفیدے کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

امیدوار کا نام (جلی حروف میں) : ______________________

رول نمبر (اعداد میں) : ______________________

(الفاظ میں) : ______________________

امتحان کا مرکز (جلی حروف میں) : ______________________

امیدوار کے دستخط : ______________ نگراں کے دستخط : ______________

سینٹر سپرنٹنڈنٹ کے دستخط کی مہر : ______________________

Prepp
Your Personal Exams Guide

امیدوار سوالوں کے جواب حصہ—IV (سوال نمبر 91 تا 120 )
صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان—I کا آپشن اُردو
چُنتا ہو۔

**Candidates should attempt questions from Part—IV (Q. Nos. 91-120), if they have opted URDU as Language—I only.**

## حصہ—IV : زبان—I

## اردو

امیدوار سوالوں کے جواب حصہ—IV (سوال نمبر 91 تا 120) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے **زبان—I** کا آپشن اُردو چنا ہو۔

91. مندرجہ ذیل بیانات پڑھیے :

دعویٰ (A) : ابتدائی سالوں میں زبانوں کے سیکھنے میں تاخیر کرنے سے بچوں کے لیے نئ زبانیں سیکھنا مشکل ہو جاتا ہے۔

دلیل (R) : بچے کے ابتدائی سال زبان سیکھنے کے لئے خاصے حسّاس مدت ہوتے ہیں۔

صحیح متبادل کا انتخاب کریں :

(1) A اور R دونوں درست ہیں اور R ، A کی درست وضاحت نہیں ہے
(2) A درست نہیں ہے لیکن R درست ہے
(3) A درست ہے لیکن R درست نہیں ہے
(4) A اور R دونوں درست ہیں اور R ، A کی درست وضاحت ہے

92. کثیر لسانیت کے حوالے سے قومی درسیات کا خاکہ برائے اساسی مرحلہ (2022) کا ایک کلیدی اصول کیا ہے؟

(1) ابتدائی سالوں میں بچے متعدد زبانی زبانیں (oral languages) میں شد بد پیدا نہیں کر پاتے
(2) کثیر لسانیت کے ذہنی اور سماجی / ثقافتی فوائد دونوں ہوتے ہیں
(3) گھر کی زبان سے چھٹکارا پانے (unlearn) میں بچوں کی لازماً مدد کی جانی چاہئے اور اسکول کی توجہ لازماً اسکول کی زبان سکھانے کی طرف ہونی چاہیے
(4) مؤثر نصابی منتقلی (Curriculum transaction) میں کلاس روم کی کثیر لسانی نوعیت رکاوٹ کا باعث بنتی ہے

93. بعض زبان بولنے والی کمیونیٹوں میں زبان کی دو شکلیں ایک ساتھ موجود ہیں اور ہر شکل ایک امتیازی سماجی تفاعل رکھتی ہے۔ اس صورت حال کو کیا کہا جاتا ہے؟

(1) رجسٹر (Register)
(2) ڈائی گلوسیا (Diglossia)
(3) بولی (Dialect)
(4) کوڈ مکسنگ (Code mixing)

94. بچوں جوڑیوں میں کام کرتے ہیں۔ ایک متن کو دو میں تقسیم کیا گیا ایک بچہ اپنے متن کو دوسرے جوڑی دار کے لئے پڑھتا ہے جب کہ دوسرا جوڑی دار اسے لکھتا ہے۔ دونوں مل کر مکمل متن پر کام کرتے ہیں۔ اس سرگرمی کو کیا کہا جاتا ہے؟

(1) لفظوں کا جال (Word web)
(2) جزوی املا (Partial dictation)
(3) کہانی سنانا (Storytelling)
(4) رواں املا (Running dictation)

95. زبان کی کلاس میں ادبی متون کے مطالعے کے بارے میں مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان درست نہیں ہے؟
(1) ادبی متون زبان سیکھنے کے لیے ثقافتی ان پٹ کا کام دیتے ہیں
(2) ادبی متون تنقیدی طرز فکر اور غور و تدبر کی صلاحیت پیدا کرتے ہیں
(3) ادبی متون تحسین (appreciation) اور لطف اندوزی والے متون ہوتے ہیں
(4) ادبی متون کو گرامر سیکھنے کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے

96. چھٹی کلاس کے نوین کو متن پڑھنے میں دشواری ہوتی ہے۔ استانی اسے پڑھنے کے لیے سادہ متن دیتی ہے۔ وہ اس کے لیے مشترکہ ریڈنگ سیشن رکھتی ہے۔ استاد کے ذریعے فراہم کی گئی مدد کو کیا کہتے ہیں؟
(1) ابتدائی ڈھانچے کی تیاری (Scaffolding)
(2) اجتماعی غور و خوض (Brainstorming)
(3) ذہنی رکاوٹ دور کرنا (Icebreaking)
(4) پڑھنے کی تیاری (Reading readiness)

97. زبان کی تدریس و آموزش کا کون سا نقطۂ نظر مانتا ہے کہ 'زبان ایک عادت ہے'؟
(1) ترسیلی تدریس زبان (Communicative language teaching)
(2) فطری نقطۂ نظر (Natural approach)
(3) معاون آموزش زبان (Cooperative language learning)
(4) سمعی لسانیت (Audiolingualism)

98. ایک بچہ غیر درسی اقتباس پڑھتا ہے جس کے لئے اس سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اس کے بعد سوالات کا جواب دے سکے۔ اس قسم کی قرأت کو کیا کہا جاتا ہے؟
(1) مختص قرأت (Exclusive reading)
(2) سرسری قرأت (Skimming)
(3) توسیعی قرأت (Extensive reading)
(4) بغور جائزہ (Scanning)

99. 'استاد بچوں کو پانچ تصویریں دکھاتا ہے اور ان سے کہتا ہے کہ ان تصاویر کی بنیاد پر کوئی کہانی لکھیں'۔ یہ مثال ہے :
(1) معمہ املا (Jigsaw dictation) کی
(2) مشترکہ قرأت (Shared reading) کی
(3) تخلیقی تحریر (Creative writing) کی
(4) دکھاؤ اور بتاؤ (Show and tell) کی

100. مندرجہ ذیل میں سے کارکردگی پر مبنی جائزے کا خصوصیت کون سی ہے؟
(1) غیر تعاملی کارکردگی (Non-interactive performance)
(2) غیر سیاق شدہ ٹیسٹ آئٹم (Decontextualized test items)
(3) سیاق شدہ ترسیلی کام (Contextualized communicative tasks)
(4) کثیرالانتخاب سوالات (Multiple-choice questions)

Prepp
Your Personal Exams Guide

**101.** قرأت کے بارے میں مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے :

A : قرأت صرف حرف اور صوت کے رشتے کو سمجھنا اور الفاظ کی درست ادائیگی کا نام ہے۔

B : قرأت علامات کو ڈی کوڈ کرکے معنی تک رسائی حاصل کرنا ہے۔

(1) A درست ہے مگر B غلط ہے
(2) B درست ہے مگر A غلط ہے
(3) A اور B دونوں غلط ہیں
(4) A اور B دونوں درست ہیں

**102.** ایک استانی کو اپنے طلبا کی سننے کی مہارتوں کا جائزہ لینا ہے۔ سننے کے جائزے کے طور پر مندرجہ ذیل سرگرمیوں میں سے وہ کون سی سرگرمی منتخب کرسکتی ہے؟

(1) استانی بچوں کو ایک کہانی سناتی ہے جس کے بعد وہ فہم پر مبنی سوالات پوچھتی ہے
(2) استانی بچوں کو کہانی پڑھنے کے لیے کہتی ہے اور اس کے بعد ان سے فہم پر مبنی سوالات پوچھتی ہے
(3) استانی انہیں ذخیرۂ الفاظ پر مبنی کام دیتی ہے
(4) بچوں کو ان کی زبانی پیشکش کے اعتبار سے درجہ بند کرنا

**103.** ______ کا تعلق زبان میں معنی کے پہلوؤں سے ہے۔

(1) معنیات (Semantics)
(2) نحویات (Syntax)
(3) صرفیات (Morphology)
(4) صوتیات (Phonetics)

**104.** مندرجہ ذیل میں سے کون سا زبان سیکھنے کا اصول نہیں ہے؟

(1) آموزگار سیکھنے کے اپنے ترجیحی نقطہ نظر میں مختلف ہو سکتے ہیں
(2) زبان ایک ترسیلی ذریعہ ہے
(3) زبان قواعد کی ساختوں / اصولوں کو یاد کرنے سے سیکھی جاتی ہے
(4) زبان سیکھنے میں مہارت اور علم دونوں بروئے کار ہوتے ہیں

**105.** چھٹی کلاس کے ایک استاد نے بلیک بورڈ کے بیچوں بیچ ایک لفظ لکھا اور اپنے آموزگاروں سے کہا کہ اس مرکزی لفظ سے تعلق رکھنے والے ان تمام الفاظ پر برین اسٹورمنگ کریں جو ان کے ذہن میں آ سکتے ہیں۔ اس سرگرمی کا اہم مقصد کیا ہے؟

(1) آموزگاروں کے ذخیرۂ الفاظ میں بہتری لانا
(2) گرامر سمجھنا
(3) پڑھنے کی مہارتوں میں اضافہ کرنا
(4) تحریری مہارتوں میں اضافہ کرنا

Prepp
Your Personal Exams Guide

**ہدایات** : نیچے دی ہوئی شعری حصے کو پڑھیے اور دیئے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے (سوال نمبر 106 تا 111 ) :

ٹہنی میں کسی شجر کی تنہا
بلبل تھا کوئی اداس بیٹھا
کہتا تھا رات سر پہ آئی
اُڑنے چگنے میں دن گزرا
پہنچوں کس طرح آشیاں تک
ہر چیز پہ چھا گیا اندھیرا
سن کر بلبل کی آہ و زاری
جگنو کوئی پاس ہی سے بولا
کیا غم ہے جو رات ہے اندھیری
میں راہ میں روشنی کروں گا

**106** ۔ بلبل کو آشیاں تک پہنچنے میں کیوں پریشانی ہو رہی تھی؟

(1) وہ اپنے گھر کا راستہ بھول گیا تھا
(2) ہر چیز پر اندھیرا چھا گیا تھا
(3) وہ بہت بیمار تھا
(4) وہ بہت زیادہ تھک چکا تھا

**107** ۔ بلبل کی آہ و زاری سن کر کون بولا؟

(1) کوّا
(2) طوطا
(3) کبوتر
(4) جگنو

**108** ۔ جگنو نے بلبل سے کیا کہا؟

(1) راہ میں روشنی کرنے کے لیے کہا
(2) اس کو گھر تک پہنچانے کا وعدہ کیا
(3) اس کو بُرا بھلا کہا
(4) اس کو ڈھارس دی

**109** ۔ شجر کی جمع کیا ہے؟

(1) شجاریں
(2) اشجار
(3) شجریں
(4) شجاروں

Prepp
Your Personal Exams Guide

110 ۔ ہر ________ پہ چھا گیا اندھیرا

ذیل میں دئے گئے لفظوں میں سے صحیح لفظ بھریئے :

(1) چیز (2) جگہ
(3) مقام (4) شئے

111 ۔ بلبل کہاں اُداس بیٹھا تھا؟

(1) شجر کی ٹہنی پر (2) شجر کے پتّوں پر
(3) شجر کی شاخ پر (4) شجر کی جڑ میں

**ہدایات** : نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیئے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے (سوال نمبر 112 تا 120) :

نصیبہ دادی اپنے گھر میں اکیلی تھیں۔ ایک بوڑھی ملازمہ ان کے ساتھ رہتی تھی۔ ان کے شوہر کا انتقال ہوئے مدت ہو چکی تھی۔ ان کا بیٹا شاداب اور اس کی فیملی امریکہ چلے گئے تھے۔ ایک تو وہ دمّے کی مریض تھیں اس پر ایاّز کی شرارتیں الگ۔ ایک دن حسب عادت ایاز اپنے دوست عرفان کے ساتھ نصیبہ دادی کی چھت پر جا دھمکا اور شور مچاتا رہا۔ لیکن نہ تو دادی ڈنڈا لے کر آئیں نہ بوڑھی ملازمہ نے انھیں ٹوکا۔ پھر ایاز نے نصیبہ دادی کے پیڑ کے سارے کچّے امرود توڑ ڈالے۔ پہلے تو ایاز کو حیرت ہوئی مگر وہ امرود کھانے میں مصروف ہو گیا۔ اچانک اس کی نظریں صدر دروازے پر پڑیں جہاں صبح کا اخبار اور دودھ کی بوتل جوں کے توں رکھے ہوئے تھے۔

112 ۔ نصیبہ دادی کو کیا مرض تھا؟

(1) ٹی بی کا (2) کینسر کا
(3) دل کا (4) دمّے کا

113 ۔ ایاّز کس کے ساتھ نصیبہ دادی کی چھت پر جا دھمکا؟

(1) اپنے ہم جماعت کے ساتھ (2) اپنے دوست عرفان کے ساتھ
(3) اپنی بہن کے ساتھ (4) اپنے بھائی کے ساتھ

Prepp
Your Personal Exams Guide

114 ۔ ایاز نے نصیبہ دادی کے پیڑ کے کیا توڑ ڈالے؟

(1) پیڑ کی شاخ کو توڑ ڈالا
(2) پیڑ کی پتیوں کو توڑ ڈالا
(3) پیڑ کے صرف پکّے امرود توڑ ڈالے
(4) کچّے پکّے امرود توڑ ڈالے

115 ۔ ایاز کی نظر امرود کھاتے کھاتے کس جگہ پر پڑی؟

(1) صدر دروازے
(2) برآمدے
(3) راہ دری
(4) آنگن

116 ۔ ' نظر ' کی جمع کیا ہے؟

(1) نظاریں
(2) نظاراتوں
(3) نظراتیں
(4) نظروں

117 ۔ دوست کا متضاد کیا ہے؟

(1) دشمن
(2) حبیب
(3) رقیب
(4) رفیق

118 ۔ نصیبہ دادی کے ساتھ کون رہتا تھا؟

(1) ان کی بہن
(2) ان کا بھائی
(3) ان کا بھانجہ
(4) بوڑھی ملازمہ

119 ۔ کس کا انتقال ہوئے مدّت ہو چکی تھی؟

(1) ان کے شوہر کا
(2) ان کی ماں کا
(3) ان کے بھانجے کا
(4) ان کے بیٹے کا

120 ۔ نصیبہ دادی کا بیٹا اور اس کی فیملی کہاں چلے گئے تھے؟

(1) لندن
(2) امریکہ
(3) کناڈا
(4) آسٹریلیا

امیدوار سوالوں کے جواب حصہ—V (سوال نمبر 121 تا 150 )
صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان—II کا آپشن اُردو
چُنا ہو۔

**Candidates should attempt questions from Part—V (Q. Nos. 121-150), if they have opted URDU as Language—II only.**

Prepp
Your Personal Exams Guide

## حصہ—V : زبان—II

## اردو

امیدوار سوالوں کے جواب حصہ—V (سوال نمبر 121 تا 150 ) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے **زبان**—II کا آپشن اُردو چنا ہو۔

**121.** 12-18 مہینوں کے درمیان بچے واحد اکائی والے مختلف قابل شناخت آوازوں کی ادائیگی کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ یہ زمانہ جس میں ہر شئے کے لئے واحد الفاظ ادا کیے جاتے ہیں ، کیا کہلاتا ہے؟

(1) ٹیلی گرافک تقریر (Telegraphic speech)
(2) ہولوفریزسٹک مرحلہ (Holophrastic stage)
(3) بڑبڑاہٹ (Babbling)
(4) غوں غوں کرنا (Cooing)

**122.** پڑھنے اور لکھنے کے بارے میں مندرجہ ذیل بیانات پڑھیں :

A : پڑھنے کی سمجھ اور صلاحیت لکھنے کی صلاحیت پر بھی اثر انداز ہوتی ہے۔

B : پڑھنا اور لکھنا دو الگ الگ عمل ہیں اور ایک دوسرے سے آزادانہ طور پر نشو و نما پاتے ہیں۔

(1) A درست ہے مگر B غلط ہے
(2) A اور B دونوں غلط ہے
(3) A غلط ہے اور B درست ہے
(4) A اور B دونوں درست ہیں

**123.** تمام زبانیں مخصوص مشترکہ خصوصیات کی حامل ہیں ، انھیں کیا کہا جاتا ہے؟

(1) لسانی آفاقیے (Language universals)
(2) رجسٹر (Register)
(3) بولی (Dialect)
(4) ڈائیگلوسیا (Diglossia)

**124.** کلاس میں لسانی تنوع قبول کرنے سے کیا ہوگا؟

(1) بچوں کا اعتماد ختم ہو جائے گا جس سے تخیل اور تخلیقیت میں کمی واقع ہوگی
(2) لسانی آموزش پر کوئی اثر نہیں پڑے گا
(3) بچوں کے اعتماد میں اضافہ ہوگا جس سے ان کا تخیل اور تخلیقیت بڑھے گی
(4) لسانی استعداد کے حصول میں رکاوٹ پیش آئے گی

Prepp
Your Personal Exams Guide

125 ۔ ابھرتی ہوئی خواندگی کے حصے کے طور پر مندرجہ ذیل میں سے کون سی پرنٹ آگاہی (print awareness) کی خصوصیت نہیں ہے؟

(1) حروف اور الفاظ میں فرق شناخت کرنا

(2) قرأت بائیں سے دائیں جانب اور اوپر سے نیچے کی جانب کی جاتی ہے

(3) مکمل جملوں کو پڑھنا شروع کرنا

(4) کتاب کو سنبھالنا (Book handling)

126 ۔ نیچے اساسی مرحلے میں پڑھنے کی مہارت کے آموزشی ماحصل دیے گئے ہیں :

A : چھوٹے چھوٹے پیراگراف درستگی اور روانی سے آواز کے مناسب زیروبم ، وقفوں اور آواز کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ پڑھتا ہے۔

B : واقف الفاظ پر مشتمل چند جملے پڑھتا ہے۔

C : چھوٹے اقتباس آواز کے مناسب زیر و بم اور وقفوں کے ساتھ پڑھتا ہے۔

درج بالا کو پیش رفت کی ترتیب میں لگائیے :

(1) B, C, A

(2) A, C, B

(3) C, A, B

(4) A, B, C

127 ۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا توسیعی سماعت (extensive listening) کا حصہ نہیں ہے؟

(1) مرکزی خیال کے لیے سننا

(2) نتیجہ اخذ کرنا

(3) مخصوص حقائق اور معلومات کے لیے سننا

(4) خلاصے کے لیے سننا

128. قرأت کی مہارت کے جائزے کے لیے مندرجہ ذیل میں سے کون سے کام استعمال نہیں کیے جا سکتے؟

(1) پڑھے گئے متن کی بنیاد پر کثیرالانتخاب سوالات

(2) تصویری اشارے پر مبنی لفظ کی شناخت

(3) استاد کے ذریعے کہانی سنانے کا سیشن

(4) بلند آواز سے پڑھنا

129. مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان رواں املا (running dictation) کی تعریف بیان کرتا ہے؟

(1) بچے جوڑیوں میں کام کرتے ہیں۔ ایک متن کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے ، ایک بچہ اپنے جوڑی دار کو اپنا متن پڑھ کر سناتا ہے جب کہ دوسرا لکھتا ہے۔ دونوں مل کر مکمل متن پر کام کرتے ہیں۔

(2) بچے جوڑیوں میں کام کرتے ہیں۔ رنر متن پر نظر دوڑاتا ہے اور اسے اپنے جوڑی دار کو املا کراتا ہے۔ جوڑی دار متن کو لکھتا ہے۔

(3) استاد کلاس کو لفظ / متن کا املا کراتا ہے اور طلبا اسے لکھتے ہیں۔

(4) طلبا متن کے مختلف حصے سنتے اور پڑھتے ہیں ، پھر وہ ٹاسک مکمل کرنے کے لئے آپس میں معلومات کا تبادلہ کرتے ہیں۔

130. ' بچہ زبان سیکھنے کی جبلی صلاحیت (innate capacity) کے ساتھ پیدا ہوتا ہے۔' کون سا نظریہ لسانی اکتساب کے اس نظریے کی حمایت کرتا ہے؟

(1) وقوفیت کا نظریہ (Cognitivist)

(2) سماجی تعامل کا نظریہ (Social interactionist)

(3) سلوکیت کا نظریہ (Behaviourist)

(4) خلقیت کا نظریہ (Nativist)

131۔ پراسیس رائٹنگ اپروچ (Process writing approach) میں ، لکھنے کے عمل کا وہ عنصر جس کے دوران لکھنے والا اپنے کام کو رسمی طور پر وسیع تر قارئین کے ساتھ ساجھا کرتا ہے ، کیا کہلاتا ہے؟

(1) اشاعت (Publishing)
(2) ادارت (Editing)
(3) نظرثانی (Revising)
(4) تسوید (Drafting)

132۔ متن میں مشکل الفاظ سے نمٹنے کے لیے ، زبان کی ایک استانی پہلے الفاظ کو مادری زبان میں ڈھالتی ہے اور پھر طلبا سے انھیں یاد کرنے کے لیے کہتی ہے۔ وہ کون سا طریقہ استعمال کر رہی ہے؟

(1) براہ راست طریقہ
(2) ساختی نقطۂ نظر
(3) ترسیلی نقطۂ نظر
(4) گرامر کے ترجمہ کا طریقہ

133۔ آموزگار کا بغیر کسی مدد کے جو کر سکتا ہے اور بالغوں یا زیادہ صلاحیت مند ہمسروں کے تعاون کے ساتھ جو کر سکتا ہے اس کے درمیان فاصلے کو اصطلاحاً کیا کہا جاتا ہے؟

(1) پراکسیمل نشو و نما کا منطقہ (Zone of proximal development)
(2) حصولیابی کا منطقہ (Zone of achievement)
(3) فاصلاتی آموزش (Distance learning)
(4) پختگی کی سطح (Level of maturity)

134۔ مقامی مخصوص دماغی چوٹ (Localized cerebral damage) کی وجہ سے لسانی تفاعل کے بگاڑ (impairment of language function) کو ، جس کی بنا پر زبان کی ہیئتوں کو سمجھنے اور / یا بنانے میں دشواری آتی ہے ، کیا کہا جاتا ہے؟

(1) عسر قرأت یا ڈس لیکسیا (Dyslexia)
(2) ڈس کیلکولیا (Dyscalculia)
(3) ڈس آرتھریا (Dysarthria)
(4) فتور نطق یا افازیا (Aphasia)

135۔ وہ عمل جس کے ذریعے زبان ایک نسل سے دوسری نسل میں منتقل ہوتی ہے ، کیا کہلاتا ہے؟

(1) بار آوری (Productivity)
(2) بے قاعدگی (Arbitrariness)
(3) انتقالیت (Displacement)
(4) ثقافتی منتقلی

Prepp
Your Personal Exams Guide

**ہدایات** : نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے (سوال نمبر **136** تا **142**) :

کلپنا کی پیدائش ہریانہ کے ضلع کرنال میں ایک متوسط خاندان میں ہوئی۔ کلپنا کے والد بنارسی لال چاؤلہ ایک چھوٹے بیوپاری تھے اور ماں ایک گھریلو خاتون۔ کلپنا نے کرنال کے ٹیگور بال نکیتن پبلک اسکول سے ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ پنجاب انجینئرنگ کالج چنڈی گڑھ سے ایروناٹیکل انجینئرنگ میں گریجویشن کیا۔ اس کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لئے وہ امریکہ چلی گئی وہیں انھوں نے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ 1983 میں اپنے ہوائی ٹریز جین-پیرے ہیریسن سے شادی کر کے انھوں نے امریکہ کی شہریت اختیار کر لی۔

**136.** کرنال کے پبلک اسکول سے کلپنا نے کون سی تعلیم حاصل کی؟

(1) ہائر سکنڈری کی تعلیم (2) ابتدائی تعلیم
(3) مڈل کی تعلیم (4) سیکنڈری تعلیم

**137.** کلپنا اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے کہاں چلی گئیں؟

(1) آسٹریلیا (2) لندن
(3) انڈونیشیا (4) امریکہ

**138.** کلپنا نے شادی کے بعد کہاں کی شہریت اختیار کر لی؟

(1) مصر کی (2) امریکہ کی
(3) سوڈان کی (4) افریقہ کی

**139.** حاصل کی جمع کیا ہے؟

(1) ماحصل (2) حصولیاتین
(3) حصولیات (4) حصول

**140.** اعلیٰ کا متضاد کیا ہے؟

(1) ادنیٰ (2) برتر
(3) بدتر (4) کم تر

**141** ۔ کلپنا کی پیدائش کس خاندان میں ہوئی؟

(1) غریب خاندان میں
(2) اعلیٰ خاندان میں
(3) امیر خاندان میں
(4) متوسط خاندان میں

**142** ۔ کلپنا کے والد کیا کام کرتے تھے؟

(1) وہ ایک چھوٹے بیوپاری تھے
(2) وہ ایک ٹیچر تھے
(3) وہ ایک انجینئر تھے
(4) وہ ایک ڈاکٹر تھے

**ہدایات** : نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیئے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے (سوال نمبر **143** تا **150** ) :

یوں تو کشمیر کا چپّہ چپّہ جنت ِارضی معلوم ہوتا ہے لیکن مجھے پہلگام سب سے زیادہ پسند ہے۔ اس کی سیر سے جی کبھی نہیں بھرتا۔ پہلگام سے اوپر اونچی پہاڑیوں پر جاتے ہوئے شاندار اور خوبصورت مناظر ملتے ہیں۔ پہاڑوں کے علاوہ میدانی علاقوں کی سیر بھی میں نے خوب خوب کی۔ بمبئی گئی مگر چند دنوں سے زیادہ وہاں جی نہیں لگا۔ وہاں کا شور و غل میری برداشت سے باہر تھا۔ اورنگ آباد کی تاریخی عمارتوں کی سیر کی۔ اجنتا کے آس پاس کا قدرتی منظر بہت دلکش ہے۔

**143** ۔ ممبئی میں مصنّفہ کا دل کیوں نہیں لگا؟

(1) وہاں کے پانی کی وجہ سے
(2) وہاں کے شور و غل کی وجہ سے
(3) وہاں کے کھانوں کی وجہ سے
(4) وہاں کی آب و ہوا کی وجہ سے

**144** ۔ مصنّفہ نے کہاں کی تاریخی عمارتوں کی سیر کی؟

(1) آگرہ
(2) ممبئی
(3) اورنگ آباد
(4) جے پور

Prepp
Your Personal Exams Guide

**145** ۔ مصنّفہ کو پہلگام سے اوپر جاتے ہوئے کیسے مناظر نظر آئے؟

(1) عالی شان اور عمدہ مناظر
(2) ہرے بھرے اور دلکش مناظر
(3) خوبصورت پہاڑ اور دل نشین مناظر
(4) شاندار اور خوبصورت مناظر

**146** ۔ مصنّفہ کو اورنگ آباد میں کون سا منظر دلکش لگا؟

(1) ایلورا کے قدرتی مناظر
(2) شام کا قدرتی منظر
(3) ڈوبتے سورج کا منظر
(4) اجنتا کے آس پاس کا قدرتی منظر

**147** ۔ سیر کی جمع کیا ہے؟

(1) سیریات
(2) سیریاتین
(3) سیریاتوں
(4) سیریں

**148** ۔ خوبصورت کا متضاد کیا ہے؟

(1) بدصورت
(2) بدنما
(3) بدہیبت
(4) خوش نما

**149** ۔ مصنّفہ کو کشمیر کا چپّہ چپّہ کیا معلوم ہوتا ہے؟

(1) جنت ِسماوی
(2) جنت ِ نشان
(3) جنت ِفردوس
(4) جنت ِ ارضی

**150** ۔ مصنّفہ کو کشمیر میں سب سے زیادہ کیا پسند ہے؟

(1) پہلگام
(2) سون مرگ
(3) اننت ناگ
(4) گل مرگ

SPACE FOR ROUGH WORK

Prepp
Your Personal Exam Guide

★★★

Prepp
Your Personal Exams Guide

## نیچے لکھی ہدایات کو غور سے پڑھیے :

1. مختلف سوالات کے جوابات دینے کی ترتیب کو واضح طور پر سوالنامے میں دیا گیا ہے۔ آپ سوالوں کے جواب دینے سے قبل اس کو دھیان سے پڑھ لیں۔
2. ہر سوال کے جواب میں دیے گئے چار متبادل میں سے درست جواب کے دائرے کو **کالے / نیلے بال پوائنٹ پین** سے OMR جوابی شیٹ کے **Side-2** میں پوری طرح گہرا کر کے بھر دیں۔ جواب پر ایک بار نشان لگانے کے بعد اُسے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔
3. امیدوار کو اچھی طرح دیکھ لینا چاہیئے کہ جوابی شیٹ موڑی نہ گئی ہو۔ جوابی شیٹ پر کسی قسم کا کوئی نشان نہ لگائیں۔ جوابی شیٹ میں نشان زد کی جگہ کے علاوہ اپنا رول نمبر کہیں دوسری جگہ نہ لکھیں۔
4. سوالنامے اور جوابی شیٹ کو احتیاط سے استعمال کریں کیونکہ کسی بھی حال میں دوسری جوابی شیٹ نہیں دی جائے گی (سوائے سوالنامے کا کوڈ یا نمبر اور جوابی شیٹ کا کوڈ یا نمبر مختلف ہونے کی صورت میں)۔
5. امیدوار حاضری کے کاغذ پر جوابی شیٹ / سوالنامے میں دیے گئے کوڈ اور نمبر کو صحیح طریقے سے لکھیں۔
6. OMR جوابی شیٹ میں بھری ہوئی معلومات کو ایک مشین کے ذریعہ پڑھا جائے گا۔ اس لیے کوئی بھی معلومات ادھوری نہ چھوڑیں اور یہ داخلہ کارڈ میں دی گئی معلومات سے مختلف نہیں ہونی چاہیئے۔
7. امیدوار کو اپنے داخلہ کارڈ کے علاوہ کسی بھی قسم کا درسی مواد—چھپا ہوا یا لکھا ہوا ، کاغذ کا ٹکڑا ، موبائل فون ، پیجر ، الیکٹرانک آلات امتحان ہال میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔
8. امیدوار کو موبائل فون ، وائرلیس کمیونی کیشن کے ڈوائسوں کو امتحان ہال کے کمروں میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ امیدوار کو ان کے مفاد میں یہ صلاح دی جاتی ہے کہ وہ اپنے پاس موبائل فون یا کسی دوسرے کمیونی کیشن کو سوئچ آف کر کے بھی اپنے پاس نہ رکھیں۔ ان ہدایت پر عمل نہ کرنے پرامتحان ہال میں غیر مناسب ذرائعوں کا استعمال سمجھا جائے گا اور ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی ، ان کے امتحان کو رد بھی کیا جا سکتا ہے۔
9. امیدوار کو نگراں کے مانگے جانے پر اپنا داخلہ کارڈ دکھانا ہوگا۔
10. سپرنٹنڈنٹ یا نگراں کی اجازت کے بغیر کوئی امیدوار اپنی جگہ نہیں چھوڑے گا۔
11. امیدوار اپنی جوابی شیٹ کمرے / ہال میں موجود نگراں کو سپرد کیے بغیر یا حاضری کے کاغذ پر دوبارہ دستخط کیے بغیر کمرے / ہال سے باہر نہیں نکلیں گے۔ اگر کوئی امیدوار حاضری کے کاغذ پر دوبارہ دستخط نہیں کرتا ہے تو اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ اس نے اپنا جوابی شیٹ جمع نہیں کرایا ہے اور اِسے غیر قانونی ذرائع کا استعمال سمجھا جائے گا۔ **امیدوار اپنے بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کا نشان حاضری کے کاغذ پر دی گئی جگہ پر ضرور لگائیں۔**
12. الیکٹرانک / ہاتھ کے کیلکولیٹر کا استعمال ممنوع ہے۔
13. امیدوار امتحان ہال میں بورڈ کے اصول و ضوابط کے پابند ہوں گے۔ غیر قانونی ذرائع کے استعمال کے تمام معاملات بورڈ کے اصول و ضوابط کے تحت ہی نپٹا جائے گا۔
14. سوالنامے اور جوابی شیٹ کا کوئی حصہ کسی بھی حال میں الگ نہیں کیا جائے۔
15. **امتحان ختم ہونے پر امیدواروں کو جوابی شیٹ ہال میں موجود نگراں کے سپرد کرنی ہوگی۔ امیدواروں کو سوالنامہ اپنے ساتھ لے جانے کی اجازت ہوگی۔**

Prepp
Your Personal Exams Guide

## निम्नलिखित निर्देशों को ध्यान से पढ़ें :

1. जिस प्रकार से विभिन्न प्रश्नों के उत्तर दिए जाने हैं उसका वर्णन परीक्षा पुस्तिका में किया गया है, जिसे आप प्रश्नों का उत्तर देने से पहले ध्यान से पढ़ लें।
2. प्रत्येक प्रश्न के लिए दिए गए चार विकल्पों में से सही उत्तर के लिए OMR उत्तर-पत्र के **पृष्ठ-2** पर केवल एक वृत्त को ही पूरी तरह **नीले/काले बॉलपॉइंट पेन** से भरें। एक बार उत्तर अंकित करने के बाद उसे बदला नहीं जा सकता है।
3. परीक्षार्थी सुनिश्चित करें कि इस उत्तर-पत्र को मोड़ा न जाए एवं उस पर कोई अन्य निशान न लगाएँ। परीक्षार्थी अपना अनुक्रमांक उत्तर-पत्र में निर्धारित स्थान के अतिरिक्त अन्यत्र न लिखें।
4. परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर-पत्र का ध्यानपूर्वक प्रयोग करें, क्योंकि किसी भी परिस्थिति में (केवल परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर-पत्र के कोड या संख्या में भिन्नता की स्थिति को छोड़कर) दूसरी परीक्षा पुस्तिका उपलब्ध नहीं करायी जाएगी।
5. परीक्षा पुस्तिका/उत्तर-पत्र में दिए गए परीक्षा पुस्तिका कोड व संख्या को परीक्षार्थी सही तरीके से उपस्थिति-पत्र में लिखें।
6. OMR उत्तर-पत्र में कोडित जानकारी को एक मशीन पढ़ेगी। इसलिए कोई भी सूचना अधूरी न छोड़ें और यह प्रवेश-पत्र में दी गई सूचना से भिन्न नहीं होनी चाहिए।
7. परीक्षार्थी द्वारा परीक्षा हॉल/कक्ष में प्रवेश-पत्र के सिवाय किसी प्रकार की पाठ्य-सामग्री, मुद्रित या हस्तलिखित, कागज की पर्चियाँ, पेजर, मोबाइल फोन, इलेक्ट्रॉनिक उपकरण या किसी अन्य प्रकार की सामग्री को ले जाने या उपयोग करने की अनुमति नहीं है।
8. मोबाइल फोन, बेतार संचार युक्तियाँ (स्विच्ड ऑफ अवस्था में भी) और अन्य प्रतिबंधित वस्तुएँ परीक्षा हॉल/कक्ष में नहीं लाई जानी चाहिए। इस सूचना का पालन न होने पर इसे परीक्षा में अनुचित साधनों का प्रयोग माना जाएगा और परीक्षार्थी के विरुद्ध कार्यवाही की जाएगी, परीक्षा रद्द करने सहित।
9. पूछे जाने पर प्रत्येक परीक्षार्थी, निरीक्षक को अपना प्रवेश-पत्र दिखाएँ।
10. केन्द्र अधीक्षक या निरीक्षक की विशेष अनुमति के बिना कोई परीक्षार्थी अपना स्थान न छोड़ें।
11. कार्यरत निरीक्षक को अपना उत्तर-पत्र दिए बिना एवं उपस्थिति-पत्र पर दुबारा हस्ताक्षर किए बिना परीक्षार्थी परीक्षा हॉल/कक्ष नहीं छोड़ेंगे। यदि किसी परीक्षार्थी ने दूसरी बार उपस्थिति-पत्र पर हस्ताक्षर नहीं किए, तो यह माना जाएगा कि उसने उत्तर-पत्र नहीं लौटाया है और यह अनुचित साधन का मामला माना जाएगा। **परीक्षार्थी अपने बाएँ हाथ के अँगूठे का निशान उपस्थिति-पत्र में दिए गए स्थान पर अवश्य लगाएँ।**
12. इलेक्ट्रॉनिक/हस्तचालित परिकलक का उपयोग वर्जित है।
13. परीक्षा हॉल/कक्ष में आचरण के लिए परीक्षार्थी परीक्षण संस्था के सभी नियमों एवं विनियमों द्वारा नियमित हैं। अनुचित साधनों के सभी मामलों का फैसला परीक्षण संस्था के नियमों एवं विनियमों के अनुसार होगा।
14. किसी हालत में परीक्षा पुस्तिका और उत्तर-पत्र का कोई भाग अलग न करें।
15. **परीक्षा सम्पन्न होने पर, परीक्षार्थी हॉल/कक्ष छोड़ने से पूर्व उत्तर-पत्र निरीक्षक को अवश्य सौंप दें।** ***परीक्षार्थी अपने साथ इस परीक्षा पुस्तिका को ले जा सकते हैं।***

## READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY :

1. The manner in which the different questions are to be answered has been explained in the Test Booklet which you should read carefully before actually answering the questions.
2. Out of the four alternatives for each question, only one circle for the correct answer is to be darkened completely with **Blue/Black Ballpoint Pen** on **Side-2** of the OMR Answer Sheet. The answer once marked is not liable to be changed.
3. The candidates should ensure that the Answer Sheet is not folded. Do not make any stray marks on the Answer Sheet. Do not write your Roll No. anywhere else except in the specified space in the Answer Sheet.
4. Handle the Test Booklet and Answer Sheet with care, as under no circumstances (except for discrepancy in Test Booklet Code or Number and Answer Sheet Code or Number), another set will be provided.
5. The candidates will write the correct Test Booklet Code and Number as given in the Test Booklet/Answer Sheet in the Attendance Sheet.
6. A machine will read the coded information in the OMR Answer Sheet. Hence, no information should be left incomplete and it should not be different from the information given in the Admit Card.
7. Candidates are not allowed to carry any textual material, printed or written, bits of papers, pager, mobile phone, electronic device or any other material except the Admit Card inside the Examination Hall/Room.
8. Mobile phones, wireless communication devices (even in switched off mode) and the other banned items should not be brought in the Examination Hall/Room. Failing to comply with this instruction, it will be considered as using unfair means in the examination and action will be taken against the candidate including cancellation of examination.
9. Each candidate must show on demand his/her Admit Card to the Invigilator.
10. No candidate, without special permission of the Centre Superintendent or Invigilator, should leave his/her seat.
11. The candidates should not leave the Examination Hall/Room without handing over their Answer Sheet to the Invigilator on duty and sign the Attendance Sheet twice. Cases where a candidate has not signed the Attendance Sheet second time will be deemed not to have handed over the Answer Sheet and dealt with as an unfair means case. **The candidates are also required to put their left hand THUMB impression in the space provided in the Attendance Sheet.**
12. Use of Electronic/Manual Calculator is prohibited.
13. The candidates are governed by all Rules and Regulations of the Examining Body with regard to their conduct in the Examination Hall/Room. All cases of unfair means will be dealt with as per Rules and Regulations of the Examining Body.
14. No part of the Test Booklet and Answer Sheet shall be detached under any circumstances.
15. **On completion of the test, before leaving the Hall/Room, the candidate must hand over the Answer Sheet to the Invigilator in the Hall/Room.** ***The candidates are allowed to take away this Test Booklet with them.***